21-07-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندرمودی آج شام نئی دلی میں عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے 46ویں اجلاس کا افتتاح کریں گے۔

2 حکومت نے بجٹ اجلاس سے پہلے آج سبھی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔

3 ملازمین کی پرویڈنٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اس سال مئی کے مہینے میں ساڑھے 19 لاکھ نئے ارکان کو شامل کیاہے۔

4 کیرالہ کے ملاپورم ضلعے میں ایک 14سالہ لڑکے کو نپاہ وائرس سے متاثرپایاگیاہے۔

5 نیپال میں K P شرمااولی کی حکومت آج اعتمادکے ووٹ کا سامنا کرے گی۔

6 اور کرکٹ میں خواتین کے ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی میں سری لنکا کے دامبولا میں بھارت کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM World Heritage

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آج شام سات بجے عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے 46ویں اجلاس کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ بھارت پہلی مرتبہ عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کی میزبانی کر رہا ہے، جو اِس ماہ کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس کمیٹی کی سال میں ایک مرتبہ میٹنگ ہوتی ہے اور اس پر عالمی میراث سے متعلق سبھی معاملات طے کرنے کی ذمے داری ہوتی ہے اور اِس میں عالمی میراث کی فہرست میں شامل کئے جانے والے مقامات کا بھی فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس میٹنگ کے دوران، عالمی میراث کی فہرست میں نئے مقامات کو نامزد کرنے کی تجاویز اور موجودہ 124 عالمی میراث کے حامل مقامات کے تحفظ سے متعلق رپورٹوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

150سے زیادہ ملکوں سے دو ہزار سے زیادہ عالمی اور قومی مندوبین اِس میٹنگ میں شرکت کر رہے ہیں۔

VC Anand Kumar

150ممالک کے دو ہزار سے زیادہ قومی اور  بین الاقوامی مندوبین اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ بھارت کی ثقافت کی نمائش کے لیے بھارت منڈپم میں کئی نمائشیں لگائی جائیں گی۔ نوادرات کی واپسی سے متعلق نمائش میں  بازیاب کرواکربھارت لائے گئے کچھ فن پاروں کو نمائش کے لیے پیش کیا جائے گا۔ اب تک 350 سے زیادہ فن پارے ملک واپس لائے گئے ہیں۔ Incredible India نمائش میں بھارت کی گوناگوں ثقافتی وراثت، قدیم تہذیب، جغرافیائی تنوع، سیاحتی مقامات کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہوئی جدید پیشرفت کو پیش کیا جائے گا۔ اِس دوران  عالمی ورثہ کمیٹی میٹنگ کے علاوہ عالمی ورثہ نوجوان پیشہ ور فورم اورعالمی ورثہ مقامات کے منتظمین کے فورم کی بھی میٹنگ ہوگی۔

نئی دلی سے آنند کمار کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ضمیر رضوی

PM World Heritage  Message

وزیراعظم مودی نے کہاہے کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ بھارت، نئی دلی میں عالمی ورثہ کمیٹی کی میٹنگ کی میزبانی کررہا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ

بھارت پہلی مرتبہ کمیٹی کی میزبانی کررہا ہے اور وہ آج شام ہونے والی تقریب میں شرکت کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ یہ ملک کے ورثے کے تحفظ کیلئے نظریات کے تبادلے کا اہم فورم ہے۔

All Party Meet

سرکار نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل آج، سبھی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔ سرکار، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے بلا رکاوٹ کام کاج کو یقینی بنانے کیلئے سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون کی اپیل کرے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگارسے

VC- Dipendra

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس پیر کو شروع ہو رہا ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن منگل کے روز 2024-25 کا مرکزی بجٹ لوک سبھا میں پیش کریں گی۔ نریندر مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران یہ پہلا بجٹ ہوگا۔پچھلے مہینے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا تھا کہ یہ بجٹ سرکار کی دوررس پالیسیوں اور مستقبل کے وژن کیلئے ایک موثر دستاویز ثابت ہوگا۔ امید ہے کہ سرکار، پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران 6 نئے بل پیش کرے گی۔

دیپیندرکمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

CBI NEET- UG

مرکزی جانچ بیورو، CBIنے NEET انڈر گریجویٹ پرچہ لیک کیس میں مزید تین لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ گرفتار کیے گئے ملزمین میں دو راجستھان کے بھرت پور میڈیکل کالج کے طالب علم ہیں۔

ذرائع کے مطابق تکنیکی نگرانی کے ذریعے پانچ مئی کو ہوئے NEET انڈر گریجویٹ امتحان کے دن اِن لوگوں کی جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ گرفتار کیا گیا تیسرا ملزم ہر طرح کی سرگرمی میں ماہر تھا جو اصل سرغنہ کو ہر قسم کی مدد فراہم کر رہا تھا۔x

EPFO

ملازمین کی پرویڈینٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اِس سال مئی کے مہینے میں ساڑھے 19 لاکھ ارکان کو شامل کیا ہے۔ اپریل 2018 میں payroll سے متعلق پہلے اعداد و شمار جاری کیے جانے کے بعد سے یہ اضافہ سب سے زیادہ ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اعدادوشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مئی 2024 کے دوران تقریباً 9 لاکھ 85 ہزار نئے ارکان نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ اس سال مئی کے مہینے سے نئے ممبران میں دس اعشاریہ نو چھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

وزارت نے مزید کہا کہ سالانہ تجزیے سے پچھلے سال مئی  کے مہینے کے مقابلے اِس سال 19 اعشاریہ چھ-دو فیصد کا اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ رکنیت میں اِس اچھال کے مختلف پہلو بتائے گئے ہیں۔ اِن میں روزگار کے بڑھتے ہوئے مواقع، ملازمین کے فائدوں کے تعلق سے بڑھتی ہوئی بیداری اور EPFO کے رابطہ پروگراموں کا مؤثر ہونا شامل ہے۔ payroll کے اعدادوشمار اس بات کو بھی اجاگر کرتا ہے کہ تقریباً14 لاکھ ارکان اس سے خارج ہوئے اور اس کے بعد دوبارہ EPFO میں شامل ہوئے۔x

FPIs

بھارت کے اسٹاک مارکیٹ میں Foreign Portfolio Investors, FPI کی جانب سے اِس مہینے میں اب تک اِیکوِٹی اور .Debt میں قریب 44 ہزار 344 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کے سبب تیزی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ جمع کنندگان کے اعداد و شمار کے مطابق FPIsنے ایکوٹی میں 30 ہزار 771 کروڑ اور .Debt میں 13 ہزار 573 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کی ہے۔x

Kerala NIpah Virus

کیرالہ کے مَلّاپورم ضلعے میں ایک 14سالہ لڑکے کو Nipah وائرس پوزیٹیو پایا گیا ہے۔ کیرالہ کی وزیر صحت  وِینا جورج نے بتایا کہ پونے کی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف وائرولوجی سے پازیٹیو رپورٹ موصول ہوئی ہے۔ کیرالہ کی دو لیبارٹریوں سے بھی ٹیسٹ کی رپورٹ پازیٹیو موصول ہوئی ہے۔ فی الحال لڑکا کوزی کوڈ کے میڈیکل کالج اسپتال میں زیر علاج ہے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ ریاست ان حالات سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے اور Nipah

پروٹوکول کے مطابق اقدامات کیے گئے ہیں۔ مَلّاپورم ضلعے میں ایک کنٹرول روم بھی شروع کیا گیا ہے۔ لڑکے کے قریبی رابطے میں آئے رشتہ داروں کی بھی نگرانی کی جا رہی ہے۔

NIVپونے کی جانب سے بھیجے گئے لیب میں تیار کردہ اور علاج کے لیے ضروری Monoclonalاینٹی بوڈیز کے آج کوزی کوڈ پہنچنے کی امید ہے۔x

Health AES

طبی خدمات کے ڈائریکٹر جنرل آتل گوئل نے ماہرین کے ساتھ گجرات، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں چاندی پورا وائرس اور دماغی بخار کے معاملوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اپنے بیان میں مرکزی وزارت صحت نے کہا ہے کہ چاندی پورا وائرس اور دماغی بخار کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہئ خیال اور جائزے کے بعد ماہرین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ملک بھر میں دماغی بخار کے پھیلاؤ میں بیماری پھیلانے والے عناصر کا رول بیحد کم ہے۔

میٹنگ کے دوران انھوں نے گجرات میں پائے گئے دماغی بخار کے معاملات کی جامع وبائی، ماحولیاتی اور اس کے پھیلاؤ کے لیے ذمہ دار کیڑے مکوڑوں پر مبنی مطالعے پر زور دیا۔ وزارت نے کہا کہ بیماری پر قابو پانے کے قومی مرکز، NCDC، انڈین کونسل فار میڈیکل ریسرچ، ICMRاور ڈیری اور مویشی پروری کے محکمے پر مبنی کثیر شعبہ جاتی قومی ٹیم کو ریاستِ گجرات کی جانب سے جاری جانچ میں تعاون کے لیے تعینات کیا جا رہا ہے۔

مختلف قسم کے وائرس، بیکٹیریا، پھپھوند، حشرات الارض، مختلف جرثومے اور کیمیکلز دماغی بخار کی وجہ بنتے ہیں۔ چاندی پورا وائرس مانسون کے دوران مغربی، وسطی اور جنوبی بھارت کے حصوں میں پھیلنے والی بیماری ہے۔ چاندی پورہ وائرس خاص قسم کی مکھیوں اور مخصوص کیڑے مکوڑوں کی وجہ سے پھیلتا ہے۔ کیڑے مکوڑوں پرکنٹرول، صفائی اور بیداری ہی اس بیماری سے بچنے کا طریقہ ہے۔ وزارت صحت نے مزید کہا کہ حالانکہ چاندی پورا وائرس کا کوئی مخصوص علاج دستیاب نہیں ہے تاہم مشتبہ کیسز کی جلد شناخت سے بہتر نائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔x

BJP Pune Convention

ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر آج پنے میں مہاراشٹر بی جے پی کا ایک روزہ کنونشن منعقد کیا جارہا ہے۔ بی جے پی کے ریاستی صدر چندرشیکھر Bawankule نے جانکاری فراہم کی ہے کہ تقریباً پانچ ہزار 300 عہدیداران اس کنونشن میں شرکت کریں گے۔ کنونشن کا افتتاح پارٹی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر نتن گڈکری کریں گے۔ مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ کنونشن کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اسمبلی انتخابات سے پہلے ریاست بھر میں سمواد یاترا نکالی جائے گی۔ اس کنونشن میں سمواد یاترا کی تاریخ کو حتمی شکل دیئے جانے کا امکان ہے۔

Vaishnav Pune Station

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کل شام پُنے ریلوے اسٹیشن کا معائنہ کیا اور اسٹیشن پر دستیاب سہولتوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ پُنے اسٹیشن ایک اہم اسٹیشن ہے اور اس معائنے کے دوران اس اسٹیشن پر سہولتوں اور گنجائش میں کیسے اضافہ کیا جاسکتا ہے اِس سلسلے میں تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مرحلے وار طریقے سے اسٹیشن کی گنجائش اور سہولتوں میں اضافے کے دوران پُنے اسٹیشن کے ورثے کا تحفظ کیا جائے گا۔ یہ جانکاری فراہم کرتے ہوئے کہ Uruli اسٹیشن کو پُنے اسٹیشن کے ساتھ ساتھ ترقی دی جائے گی، جناب ویشنو نے کہا کہ Uruli اسٹیشن کو ایک بڑے ٹرمنٹل کے طور پر تیار کرنے کا فیصلہ کیاگیاہے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے چار روز کے دوران کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، گجرات اور مدھیہ پردیش کے علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ودربھ، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، اتراکھنڈ، مغربی اترپردیش، ہریانہ، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، مراٹھواڑہ، ساحلی آندھرا پردیش، یانم اور تلنگانہ کے علاقوں میں آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کی پیشگوئی کرنے والے محکمے نے راجستھان، ہماچل پردیش، پنجاب، بہار، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں اگلے بدھ تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اسی دوران قومی راجدھانی دلی میں کل 37 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت جبکہ 27 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس کم سے کم درجہ حرارت ریکارڈ کیاگیا۔

Mumbai Heavy Rain

ممبئی اور اُس کے مضافاتی شہری علاقوں میں شدید بارش ہوئی ہے جس کے سبب شہر کے متعدد علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور گاڑیوں کی آمدورفت متاثر ہوئی ہے۔ اندھیری ایسٹ کو اندھیری ویسٹ سے جوڑنے والی اندھیری سب وے کے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوگیاہے، جس کی وجہ سے مسافروں کو کل شام اپنے دفتروں سے گھر جانے میں کافی دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ وسطی ممبئی کے دادر میں ہندماتا علاقے میں بھی پانی بھرا ہوا تھا۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD کے مطابق کل صبح 8 بجے تک پچھلے 24 گھنٹے کے دوران ممبئی میں 91 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

Uttarakhand Rain

بھارتی موسمیات محکمے نے اتراکھنڈ میں، اگلے 48 گھنٹے کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کیلئے الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے نے کماؤں خطے کیلئے ریڈ الرٹ جبکہ گڑھوال خطے کیلئے ایلو الرٹ جاری کیاہے۔

Telangana Award

تلنگانہ سرکار نے اس سال کے باوقار Sri Dasarathi Krishnamacharya ایوارڈ کیلئے مشہور و ممتاز مصنف اور شاعر Jukanti Jagannatham کو نامزد کیا ہے۔ ریاستی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ جناب Jagannatham کو Sri Dasarathi Krishnamacharya

کی سالگرہ کے موقع پر ایک لاکھ روپے نقدی اور ایک مومنٹو پر مشتمل یہ ایوارڈ دیا جائے گا۔ ریاستی حکومت نے سرکار کے ذریعہ قائم کردہ کمیٹی کی سفارشات کے مطابق کل اس سلسلے میں آرڈر جاری کیا۔ وزیراعلیٰ اے ریونتھ ریڈی نے اس باوقار ایوارڈ کیلئے نامزد ہونے پر جناب Jagannatham کو مبارک باد دی ہے۔

Guru Purnima

آج گرو پورنیما منائی جارہ ہے۔ گروپورنیما، ویاس پورنیما کے نام سے بھی مشہور ہے۔ یہ تہوار روحانی اور تعلیمی اساتذہ کیلئے وقف ہے۔ اِس موقع پر لوگ اپنے گروؤں کو یاد کرتے ہیں اور اُن کے تئیں تشکر کا اظہار کرتے ہیں جنہوں نے اپنی فراست اور آشیرواد سے اُن کی زندگی کی رہنمائی کی۔

آج ہی کے دن بھگوان بدھ نے بودھی درخت کے نیچے عرفان حاصل ہونے کے بعد اپنا پہلا وعظ کیا تھا۔ بھگوان بدھ نے بودھ گیا سے سارناتھ تک کا سفر کیاتھا اور پورنیما کے دن وعظ کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بھگوان بدھ کے پیروکار اِس دن اُن کی پوجا کرتے ہیں۔

Amarnath Yatra

تین ہزار 113 یاتریوں کا ایک اور جتھہ آج صبح سویرے جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس کے بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا جہاں سے وہ امرناتھ گپھا کے درشن کیلئے اپنے آگے کے سفر پر جائے گا۔ یہ یاتری 123 گاڑیوں کے قافلے میں روانہ ہوئے۔ اس جتھے میں دو ہزار 315 مرد، 692 خواتین، چار بچے، 87 سادھو اور 15 سادھوی شامل ہیں۔

اِن میں سے ایک ہزار153 یاتری دیر رات دو بجکر56 منٹ پر بالتل بنیادی پڑاؤ کیلئے روانہ ہوئے جبکہ ایک ہزار960 یاتری صبح تڑکے 3 بجکر41 منٹ پر پہلگام کے بنیادی پڑاؤ کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے وہ امرناتھ گپھا کے درشن کیلئے اپنے آگے کے سفر پر جائیں گے۔

Nepal Trust Vote

نیپال کے ایوان نمائندگان میں KP شرما اولی کی حکومت آج اعتماد کے ووٹ کا سامنا کرے گی۔ نیپالی آئین کے مطابق نومنتخب وزیراعظم کو اپنے تقرر کے 30 دنوں کے اندر پارلیمنٹ میں اعتماد کا ووٹ حاصل کرنا ہوتا ہے۔ 72 سالہ آزمودہ کار کمیونسٹ رہنما

جناب اولی نے پیر کے روز چوتھی مرتبہ نیپال کے وزیراعظم کے طور پر حلف لیا تھا۔ نیپال کی سب سے بڑی کمیونسٹ پارٹی، CPN-UML کے چیئرمین جناب اولی کو صدر رام چندر پوڈیل نے وزیراعظم کے طور پر نامزد کیا، تاکہ وہ نیپال کی پارلیمنٹ میں سب سے بڑی پارٹی، نیپالی کانگریس کے ساتھ قائم اتحادی حکومت کی قیادت کر سکیں۔ جناب اولی نے پشپ کمل دہل پرچنڈ کی حکومت گرنے کے بعد اپنی حکومت تشکیل دی تھی۔ 275 رکنی ایوان نمائندگان میں اعتماد کا ووٹ جیتنے کے لیے وزیراعظم کو 138 ووٹ حاصل کرنے ہوں گے۔

ایوان زیریں میں CPN-UML اور نیپالی کانگریس کے 166 اراکین ہیں۔x

Women's Asia Cup

خواتین کے ایشیا کپ ٹی ٹوئینٹی کرکٹ میں آج بھارت کا مقابلہ UAE سے ہوگا۔ گروپ A کا یہ اہم مقابلہ سری لنکا کے رَن گری دامبولہ انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اِس میچ میں بھارت کی جیت اُسے سیمی فائنل میں پہنچا دے گی اور خطاب کے دفاع کے مزید قریب کردے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔

اِس سے پہلے کَل میزبان سری لنکا نے بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ وِشمی گُنارَتنے کی نصف سینچری کی بدولت سری لنکا نے مطلوبہ نشانہ 17 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ بنگلہ دیش کی ناہیدہ اختر بہترین گیند باز ثابت ہوئیں جنھوں نے تین وکٹ لیے۔x

Swedish Open

Swedish Open Tennis میں اسپین کے کھلاڑی رافیل نڈال اور پرتگال کے کھلاڑی Nuno Borges کے درمیان آج فائنل مقابلہ Sweden کے Bastad میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔

اس سے پہلے Nadal نے 2022 میں فرینچ اوپن جیتنے کے بعد، کل پہلے سیمی فائنل میچ میں کروشیا کے Duje Ajdukovic کو ہراکر اپنے پہلے فائنل میچ میں جگہ بنائی تھی۔

اسی دوران Borges دوسرے سیمی فائنل میں ارجنٹینا کے Thiago Agustin Tirante کو سیدھے سیٹوں میں 6-3،6-4 سے ہراکر مردوں کے سنگلز کے فائنل مقابلے میں داخل ہوئے تھے۔x

Summer Athletics

ایتھلیٹکس میں کل پولینڈ کے Warsaw میں Summer Athletics مقابلہ 2024 میں کرن پہل نے 200 میٹر کی خواتین دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 23سالہ Sprinter نے 23 اعشاریہ تین تین Seconds میں اپنی پہلی دوڑ ختم کی۔ اس کے ساتھ ہی وہ اپنی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی پہلی ہندوستانی کھلاڑی بن گئی ہیں۔ اسی مقابلے میں Jyothi Yarrajiجو اولمپکس میں خواتین کی سو میٹر ریس میں حصہ لینے والی پہلی بھارتی خاتون ہوں گی۔اس دوڑ میں 23 اعشاریہ پانچ تین سیکنڈ کے ساتھ دوسرے مقام پر رہیں۔

وہیں مردوں کی 400 میٹر کی دوڑ میں راجیش رمیش نے 45 اعشاریہ پانچ چار سیکنڈ کی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔ان کے ہم وطن محمداجمل تیسرے نمبر پر جبکہ قومی ریکارڈ یافتہ محمدانیس یحییٰ چوتھے مقام پر رہے۔ اسی دوران جیوتیکا ڈانڈی نے خواتین کی 400 میٹر دوڑ کو 52 اعشاریہ تین دو سیکنڈ میں پورا کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمدعمار

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے نیٹ-یوجی امتحان کے نتائج کے اعلان کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے، NEET-UGکے شہر اور مرکز وار نتائج کا اعلان۔

روزنامہ ملاپ نے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیاہے۔ بجٹ 2004کے اقتصادی سروے پارلیمنٹ میں 22 جولائی کو پیش کیا جائے گا۔اسی اخبار نے ممبئی میں شدید بارش کی وجہ سے مختلف مقامات پر پانی بھرنے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیاہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جموں میں دہشت گردوں کے حالیہ حملوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن  آل آؤٹ کا آغاز کرے گی، خبر کو نمایاں طور پر شائع کیاہے۔

روزنامہ انقلاب نے بنگلہ دیش میں شورش کے پیش نظر وہاں زیرتعلیم ایک ہزار ہندوستانی طلبہ کے وطن لوٹنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔

روزنامہ پرتاپ کی اہم خبر ہے، سعودی عرب کے ایوان شاہی نے جسمانی اعضا عطیہ کرنے والے 200 شہیروں کیلئے شاہی تمغے کا اعلان کیاہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے چین میں طوفانی بارش کے دوران پل منہدم ہونے، 12 افراد کے ہلاک ہونے اور 30 سے زیادہ افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔ اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے کہ ہیتی مہاجرین کی کشتی میں آگ لگنے سے 40 تارکین وطن کی موت۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی آج شام نئی دلی میں عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے 46ویں اجلاس کا افتتاح کریں گے۔

2 حکومت نے بجٹ اجلاس سے پہلے آج سبھی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔

3 ملازمین کی پروایڈنٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اس سال مئی کے مہینے میں ساڑھے 19 لاکھ نئے ارکان کو شامل کیاہے۔

4 کیرالہ کے ملاپورم ضلعے میں ایک 14سالہ لڑکے کو نپاہ وائرس سے متاثرپایاگیاہے۔

5 نیپال میں K P شرمااولی کی حکومت آج اعتمادکے ووٹ کا سامنا کرے گی۔

6 اور کرکٹ میں خواتین کے ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی میں سری لنکا کے دامبولا میں بھارت کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------